## علامہ عقیل ترابی کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار تعزیت

## علامہ عقیل ترابی کے انتقال سے ملک وقوم ایک بڑے عالم اور ممتاز دینی شخصیت سے محروم ہوگئے ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔23، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز شیعہ عالم اور مشہور ذاکر علامہ عقیل ترابی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ علامہ عقیل ترابی کے انتقال سے ملک وقوم ایک بڑے عالم اور ممتاز دینی شخصیت سے محروم ہوگئے ہیں۔علامہ عقیل ترابی نے دین کی تبلیغ کیلئے جو خدمات انجام دی ہیں وہ یادرکھی جائیں گی۔جناب الطاف حسین نے علامہ عقیل ترابی مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے سوگوار لواحقین کو صبر کی تلقین کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ ترین مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## مسلح طالبان نے آج بھی تیسر ٹاؤن کی مسیحی آبادی پر حملہ کیا۔رابطہ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ

## طالبان کی جانب سے مسجد سے مسیحی برادری کے خلاف اشتعال انگیز اعلانات کئے جارہے ہیں اور مسیحی برادری کو علاقہ سے نکل جانے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں

## طالبان اسلام مخالف عقائد رکھنے والوں اور اقلیتوں کے ساتھ جو مظالم کررہے ہیں اسکی وجہ سے پوری دنیا میں اسلام بدنام ہورہا ہے

## مسیحی برادری کی جان ومال اور عبادتگاہوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور دہشت گردوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے

کراچی۔۔۔23، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی کے علاقے تیسر ٹاؤن میں طالبان کی جانب سے گرجا گھروں اور مسیحی برادری کے مکانات اور املاک کو آگ لگانے اور مسیحی آبادی کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کے واقعات کی پرزور الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز مذہبی انتہاء پسندوں نے تیسر ٹاؤن میں پہلے گرجا گھروں پر اشتعال انگیز نعرے لکھے اور اس عمل کے خلاف پرامن احتجاج کرنے والے مسیحی برادری کے لوگوں پر فائرنگ کی جس سے ایک مسیحی بچہ جاں بحق اور کئی زخمی ہوگئے۔مسلح طالبان نے مسیحی برادری کے گھروں پر بھی حملے کئے، گھروں میں نہ صرف لوٹ مار کی بلکہ مسیحی برادری کے کئی مکانات اور دیگر املاک کے ساتھ ساتھ گرجا گھروں کو بھی نذر آتش کیا۔مسلح طالبان نے آج بھی مسیحی آبادی پر حملہ کیا۔طالبان کی جانب سے مقامی مسجد سے اشتعال انگیز اعلانات بھی کئے جارہے ہیں اور مسیحی برادری کو علاقہ سے نکل جانے کی دھمکیاں دی جارہی ہیں، مساجد سے یہ اعلان بھی کیا جارہا ہے کہ " کافروں کے خلاف جہاد شروع ہوگیا ہے، جو گھر سے نکلے اسلحہ لیکر نکلے " ۔رابطہ کمیٹی نے درندہ صفت طالبان کی جانب سے تیسر ٹاؤن میں آباد مسیحی برادری کو دہشتگردی کا نشانہ بنانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ طالبان اسلام کے نام پر جو دہشت گردی کررہے ہیں اور مخالف عقائد رکھنے والوں اور عیسائیوں، سکھوں اور دیگر اقلیتوں کے ساتھ جو مظالم کررہے ہیں اسی کی وجہ سے آج پوری دنیا میں اسلام کا نام بدنام ہورہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ تیسر ٹاؤن میں طالبان کی جانب سے مسیحی آبادی کو مسلسل دہشت گردی کا نشانہ بنانے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، مسیحی برادری کی جان ومال اور عبادتگاہوں کو تحفظ فراہم کیا جائے اور دہشت گردوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کی جائے۔رابطہ کمیٹی نے دہشت گردی کے نشانہ بننے والی مسیحی برادری سے دلی ہمدردی اور مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم مظلوم مسیحی بھائیوں کے ساتھ ہے۔

## تیسر ٹاؤن خدا کی بستی میں طالبان کی جانب سے مسیحی برادری کو ہراساں کرنے کی مذمت کی ہے۔ایم کیوایم علماء کمیٹی

کراچی۔۔۔23، اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی علماء کمیٹی کے ارکان نے کراچی کے علاقے تیسر ٹاؤن خدا کی بستی میں طالبان کی جانب سے مسیحی برادری کو ہراساں کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مساجد میں عبادت کے بجائے نفرتوں اور جنگ وجدل کا درس دینا قابل مذمت ہے اور جو عناصر اسلام کی آڑ میں مذہبی اقلیتوں کو ہراساں کررہے ہیں وہ اسلامی تعلیمات کی خلاف ورزی کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بعض عناصر کراچی میں طالبان کی موجودگی سے انکار کرتے رہے ہیں لیکن وہ تیسر ٹاؤن میں طالبان کے دہشت گردوں کی مسلح دہشت گردیاں، مسیحی برادری سے جذیہ وصول کرنے کے مطالبات اور مقامی مسجد سے جہاد کے اعلانات پر کیا تبصرہ کریں گے؟ علماء کمیٹی کے ارکان گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا کہ تیسر ٹاؤن خدا کی بستی میں مسجد سے جہاد کے اعلانات کا سختی سے نوٹس لیں اور اس کے ذمہ دار عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی کی جائے۔

## ایم کیوایم بلوچستان صوبائی دفتر میں توڑ پھوڑ اور حملے کا فی الفور نوٹس لیا جائے، اراکین قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔23اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین قومی اسمبلی نے کوئٹہ میں ایم کیوایم بلوچستان کے صوبائی دفتر پر مسلح دہشت گردوں کے حملے اور دفتری سازوسامان کی شدید نقصان پہنچانے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر کی بے حرمتی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس عمل کو انتہائی بزدلانہ عمل قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ منگل کی شب ایم کیوایم بلوچستان کی صوبائی بند دفتر پر مسلح دہشت گردوں نے حملہ کیا اور دفتر میں موجود ٹیلی ویژن،فیکس،مشین ،قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور دیگر دفتری ساز وسامان کی توڑ پھوڑ کی۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ بعض عناصر بلوچستان میں ایم کیوایم کی تیزی سے بڑھتی ہوئی مقبولیت اور عوامی پذیرائی سے بری طرح بوکھلا گئے ہیں اسلئے وہ اس طرح کی دہشت گردی پر اتر آئے ہیں۔حق پرست اراکین اسمبلی نے ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ بزدلانہ کاروائیوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں ضبط وصبر سے کام لیں اور اپنے اتحاد سے دشمنوں کی سازش کو ناکام بنادیں۔انہوں نے گورنر بلوچستان اویس غنی اور وزیراعلیٰ بلوچستان اسلم رئیسائی سے مطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے صوبائی دفتر پر حملے اور توڑ پھوڑ کا فی الفور نوٹس لیا جائے اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف قانون کارروائی عمل میں لائی جائے۔

## ایم کیوایم پر تنقید کرنیوالے آج طالبان کی موجودگی کا اعتراف کررہے ہیں، وسیم قریشی
## لیاری ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے ملازمین کے دیرینہ مسائل حل ہونے پر اظہار تشکر

کراچی۔۔۔23اپریل2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے ڈی اے لیاری ڈیویلپمنٹ اتھارٹی یونٹ نے ملازمین کے دیرینہ مسائل، حج قرعہ اندازی، ہاؤس پرچیز لون، پرموشن، لیوانکیشمنٹ ودیگر مراعات کے حل ہونے پر اظہارِ تشکر کیا ہے اور اسے حق پرستوں کی فتح قرار دیا ہے۔لیبر ڈویژن لیاری ڈیویلپمنٹ اتھارٹی کے زیر اہتمام گزشتہ روز ایک تقریب منعقد کی گئی جس میں لیاری ڈیویلپمنٹ کے سب یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدرد ملازمین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب میں انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی، مرکزی کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اراکین تحسیم الحق اور اسرائیل نے بھی خصوصی شرکت کی ۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل لیاری ڈیویلپمنٹ اتھارٹی آغا مقصود عباس کے علاوہ کے ڈی اے یونٹ انچارج واراکین بھی موجود تھے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انچارج لیبر ڈویژن وسیم قریشی نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی جدوجہد اس ملک کے 98 فیصد مظلوم عوام کے جائز حقوق کے حصول کیلئے جاری ہے۔ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس نے ہمیشہ سچ وحق کی بات کی ہے اور حق وسچ کہنے کی پاداش میں بھاری سے بھاری قیمت ادا کی ہے ، ملک کی بقاء وسلامتی کی بات،شہریوں کے جان ومال کے تحفظ کی بات ہو،مہنگائی کے خاتمے،محنت کشوں کے مسائل ،شہر کی ترقی ،شہریوں کے مسائل کے حل نے ایم کیوایم نے سب سے پہلے اور دیگر جماعتوں سے آگے رہے مثبت اقدامات کیے ہیں جنہیں نہ صرف ملکی بلکہ بین اقوامی سطح پر سراہا یا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے شہر میں طالبانائزیشن کے حوالے سے سب سے پہلے آگاہی دی جس پر بعض عناصر نے الطاف حسین اور ایم کیوایم کو شدید تنقید کا نشانہ بھی بنایا تاہم آج وہی لوگ الطاف حسین کی باتوں کا اعتراف کررہے ہیں۔انہوں نے نظام عدل ریگولیشن کے نفاذ درحقیقت نظام قتل ہے جس کے ظلم ایم کیوایم نے آواز احتجاج بلند کرکے ثابت کردیا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ طاقت،ظلم وجبر کے ذریعے اور بندوق کی نوک پر کسی صورت یہ نظام نافذ نہیں کرنے دیگی۔انہوں نے لیاری دیویلپمنٹ اتھارٹی کے ملازمین کے دیرینہ مسائل حل ہونے پر تمام ملازمین کو مبارکباد پیش کی اور انہیں یقین دلایا کہ ایم کیوایم ان کے ساتھ ہے اور آئندہ بھی ان کے مسائل کے حل کیلئے کوشاں رہیگی۔تقریب سے ڈائریکٹر جنرل لیاری ڈیویلپمنٹ اتھارٹی آغا مقصود عباس نے خطاب کیا اور ملازمین کو اپنے فرائض ایمانداری اور دیانداری سے انجام دینے کی تلقین کی۔انہوں نے ملازمین پر زور دیا کہ وہ ادارے کی ترقی کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔

## ملک نازک دور سے گزر رہا ہے، طالبان پورے ملک پر قبضے کی کوشش کررہے ہیں، ڈاکٹر صغیر احمد

## ہمیں کسی اسی شریعت صوفی محمد کی ضرورت نہیں جو درحقیقت قبائلی نظام ہے

## کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان کے اجلاس سے خطاب

کراچی ۔۔۔23اپریل 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن وصوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، اس وقت جن حالات کا سامنا پاکستان اور اس کے مظلوم عوام کو ہے وہ سب کے سامنے ہے۔ سوات میں جبر سے نافذ ہونیوالے نظام عدل ریگولیشن کو اب پورے ملک میں رائج کرنے کی کوشش کی جارہی ہے تاہم ایم کیوایم ایسا کبھی نہیں ہونے دیگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل اسٹاف کے ارکان کے اجلاس سے خطاب کے موقع پر کیا۔ کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج میں اجلاس کے انتظامات ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے تحت کیے گئے تھے جس میں مرکزی میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج ڈاکٹر فاروق جمیل، جوائنٹ انچارج منور حسین، ڈاکٹر ثقلین جعفری، اراکین ڈاکٹر منصور، ناصر بیگ اور فرید الدین کے علاوہ کالج وہسپتال سے تعلق رکھنے والے ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں کراچی میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کے پرنسپل ڈاکٹر وقار کاظمی ، پروفیسرز، اسٹنٹ پروفیسرز، مختلف اسپتالوں کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹس اور ایڈیشنل میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے بھی شرکت کی۔ اپنے خطاب میں ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ الحمداللہ ہم مسلمان ہیں اور ہم محمدؐ کی شریعت پر یقین رکھتے ہیں، ہم نے مسلمان کے گھر آنکھ کھولی ہے لہٰذا ہمیں کسی اسی شریعت صوفی محمد کی ضرورت نہیں جو درحقیقت قبائلی نظام ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت جس نازک دور سے گزر رہا ہے اور طالبان پورے ملک میں تیزی سے پھیل رہے ہیں تا کہ جبری کلاشنکوفی شریعت پورے ملک میں نفاذ کی جا سکے۔ انہوں نے تمام شرکاء کو ہدایت کی وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات غور سے پڑھیں اور حالات پر کڑی نظر رکھنے کیلئے مختلف اخبارات میں شائع ہونیوالے مراسلے لازمی پڑھیں اور باہمی رابطوں میں رہیں اور ہر طرح کے حالات کا سامنا کرنے کیلئے ذہنی وجسمانی طور پر خود کو تیار رکھیں۔ اجلاس سے میڈیکل کمیٹی کے ذمہ داران نے خطاب کیا۔

☆☆☆☆☆